© rasailojaraid.com



ایسی واضح حدیث نفس مسئلہ میں فیصلہ کن ہے اور یقیناً بنک کا ملازم سودی کاروبار میں معاونت کرتا ہے اس لئے آج کل کی موجودہ صورتحال میں بنک کی ملازمت جائز نہیں۔

س۲:۔ ایصال ثواب کی خاطر قریبی عزیز و اقارب یا خاوند کا بیوی کیلئے کھانا پکا کر غریبوں کو کھلا دینا۔ مساجد میں پنکھے وغیرہ یا اور کوئی تعمیری کام کروا دینا ازروئے شریعت جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب

میت کے لئے ایصال ثواب کیلئے مالی صدقات وغیرہ کھانا پکا کر کھلا دینا یا دیگر طریقوں سے خیرات کرنا جائز ہے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم سے ثابت ہے بلکہ اپنے اقارب کی طرف سے کرنا چاہیئے اسی طرح ان کیلئے بکثرت دعا بھی کرنی چاہیئے۔ اس سے میت کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔

مگر قرآن خوانی برائے ایصال ثواب نبی ﷺ سے ثابت نہیں۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ اسی پر ہی اکتفا کریں جو طریقہ آپ ﷺ سے ثابت ہے یہی بہتر و افضل ہے۔

س۳:۔ آج کل اکثر لوگ قسطوں پر چیزیں لے لیتے ہیں تو کیا ایسی خرید و فروخت اسلام میں جائز ہے کیونکہ اس طرح سے خریدار کو اصل قیمت سے زیادہ لاگت ادا کرنا پڑتی ہے۔

الجواب بعون الوہاب

قسطوں پر اشیاء کی خرید و فروخت اکثر علماء کے نزدیک جائز ہے اس میں کوئی حرج نہیں البتہ عقد کرتے ہوئے یعنی لین دین کرتے وقت وضاحت کرنا

باقی صہ ۱۶ پر

© rasailojaraid.com